کینٹ بورڈ ایبٹ آباد

# نوٹس نیلامی حقوق کرایہ داری

## کاروباری حضرات کے لیے سنہری موقع

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹ بورڈ ایبٹ آباد، سپلائی ڈسپنسری کو 5 سال کے عرصہ کے لیے ماہانہ کرایہ پر دینے کے لیے نیلامی 31/08/2026 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ نزد CMH میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہوکر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہوگی تو دوبارہ بولی بتاریخ 01//09/2026 جبکہ سہ بارہ نیلامی مورخہ 2026/ 09/ 02 کو ہوگی۔

| نمبر شمار | تفصیل | زرضمانت |
|---|---|---|
| 1 | **سپلائی ڈسپنسری کے احاطہ/کمروں کو درج ذیل مقاصد کے لیے کرایہ پر دیا جائے گا:**<br>1 ۔ نجی کلینک کو کرائے پر دینا/آؤٹ سورس کرنا ۔ 2۔ تشخیصی لیبارٹریاں<br>3۔ ڈے کیئر کلینکس 4۔ طبی بحالی کے مراکز 5۔ ہیلتھ اینڈ فٹنس سینٹر/جم<br>6۔ میڈیکل اسٹورز 7۔ پیرامیڈیکل اسٹاف کے تربیتی مراکز<br>8۔ کلینک/لیبارٹری/ایکسرے سینٹر<br>9۔ فزیوتھراپی یونٹ<br>10۔ اسی طرح کا کوئی دوسرا آپشن | مبلغ -/1,000,000 روپے<br>بشکل کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ |

### شرائط و نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

2۔ ہر بولی دہندہ قبل از نیلامی مبلغ -/1,000,000 روپے بشکل کال ڈیپازٹ بطور ضمانت بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ ہمراہ مصدقہ نقل قومی شناختی کارڈ جمع کروائے گا بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ اختتام بولی پر زرضمانت/کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

3۔ بلڈنگ/ پراپرٹی کی صرف ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ کی مدت 5 سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی اور 5 سال پورے ہونے پر بلڈنگ/ پراپرٹی کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔

4۔ کرایہ داری کی میعاد 5 سال کے لیے ہوگی اور منظور شدہ ماہانہ کرایہ پر ہر سال % 10 کے حساب سے اضافہ کیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بورڈ کی جانب سے مقررہ مدت میں کرایہ داری کا معاہدہ کرنے اور دیگر قانونی تقاضے پورے کرنے کا پابند ہوگا۔

6۔ کرایہ دار ڈسپنسری کو صرف اس مقصد کے لیے استعمال کرے گا جس کی بورڈ نے اجازت دی ہو۔ بورڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر استعمال میں تبدیلی ممنوع ہوگی۔

7۔ کرایہ دار عمارت کی مناسب دیکھ بھال کرے گا اور کسی بھی نقصان کی صورت میں اپنی لاگت پر مرمت کروانے کا پابند ہوگا۔ کینٹ بورڈ کی پیشگی اجازت کے بغیر کوئی مستقل تعمیر یا ردوبدل نہیں کیا جائے گا۔

8۔ کنٹونمنٹ بورڈ یا اس کا مجاز افسر کسی بھی وقت بلڈنگ / پراپرٹی کا معاینہ کرنے کا مجاز ہوگا۔

9۔ کرایہ کی بروقت ادائیگی نہ کرنے، معاہدے یا شرائط کی خلاف ورزی یا غیر قانونی استعمال کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ کرایہ داری ختم کرنے، قبضہ واپس لینے اور قانون کے مطابق کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔

10۔ کرایہ دار کرایہ داری کو بورڈ کی منظوری سے ٹرانسفر کیا جا سکتا ہے جس پر ٹرانسفر فیس لاگو ہوگا۔

11۔ حقوق کرایہ داری ٹرانسفر ہونے کی صورت میں بقایہ کرایہ داری میعاد کا معاہدہ نئے کرایہ دار کے ساتھ کیا جائے گا جو کہ سب رجسٹرار کے ساتھ رجسٹرڈ کیا جائے گا۔

12۔ کامیاب بولی دھندہ/کرایہ دار بجلی، سیوریج، گیس، ٹیلیفون وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

13۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

14۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

15۔ زیر دستخطی/مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

16۔ مزید شرائط دوران اوقات کار دفتر ہذا سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

17۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

مشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

CS CamScanner